سوال

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا ہم ضدی بچوں کو سمجھانے کےلئے جھوٹ بول سکتے ہیں ۔ ؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد

جی نہیں! ایسا کرنا جائز نہیں ہے ۔ مسند احمد کی ایک روایت کے الفاظ ہیں کہ

«من قال لصبی تعال ہناک ثم لم یعطہ فہی کذبة»٩٦٢٥

''جس نے کسی بچے سے کہا کہ ادھر آ و یہ لے لو اور پھر اسے وہ نہ دیا جس کے لیے اس نے اسے بلایا تھا تو یہ بھی ایک جھوٹ ہے ۔''

اس روایت کو شیخ شعیب ارنووط نے شیخین کی شرط پر صحیح قرار دیا ہے ۔

اور جھوٹ کو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے حرام قرار دیا ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے

حدیث

جلد 2 کتاب الصلوۃ